قدروا اللہ حق قدرہ ظالموں نے اللہ ہی کی شان کی قدر نہ کی۔ اللہ عزوجل ایک قوم کا حال بیان فرماتا ہے ''یریدون ان یفرقوا بین اللہ و رسلہ'' اللہ اور اُس کے رسولوں میں جدائی ڈالنی چاہتے ہیں، فرماتا ہے ''اولئک ھم الکفرون حقا'' یہی حقیقی کافر ہیں اللہ اور اُس کے رسولوں میں یہ جدائی ڈالنا ہے کہ ان کی عزت، ان کی عظمت اللہ کی عزت و عظمت سے جدا ہے۔ حاش للہ انبیا کی شان اللہ ہی کی شان ہے۔ انبیا کی عزت اللہ ہی کی عزت ہے، انبیا کی تعظیم اللہ ہی کی تعظیم ہے۔ دیکھو ائمہ دین ۱ نے فرمایا ہے کہ غیر خدا کے لیے تواضع حرام ہے پھر علما وغیرہم معظمانِ دین

☆ حواشی ☆

(۱ بسم اللہ الرحمن الرحیم. نحمدہ و نصلی علیٰ رسولہ الکریم. ضروری الملاحظہ: مسلمانو! واحد قہار عز جلالہ کے غضب سے اُسی کی پناہ پھر اُس کے حبیب اکرم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی پناہ جب وہ کسی سے اُس کا دین لیتا ہے عقل و حیا پہلے چھین لیتا ہے دیوبندیوں وہابیوں پر یہ قاہر رد مدت سے بار بار شائع ہو رہا ہے مگر سب خواب عدم میں ہیں وہ تو فرما ہی دیا تھا کہ دم ہے فلاں فلاں وغیرہم کسی دیوبندی یا وہابی مقلد یا غیر مقلدین بے دینوں میں دم کہاں اور دم نہیں تو جواب کیسا ع کچھ ایسا سوئے ہیں سونے والے کہ حشر تک جاگنا قسم ہے۔ سوتا بھی جاگے بھی مردہ کیا کروٹ لے۔ مگر شیر پنجاب لامذہبی مسٹر ای اے ایچ ثناء اللہ امرتسری کو پھر پھری آئی ہرچہ اہلِ حدیث ۱۶ مئی ۱۹ء میں فتاوی مبارکہ العطایا النبویہ فی الفتاوی الرضویہ کے رسالہ باب العقائد والکلام کا مضمون ہدایت مشحون (جس میں عام وہابیہ کی ۶۴ ضلالتیں خباثتیں اور ان کے ساتھ دیوبندیہ کی ۸۲ اور ان کے ساتھ غیر مقلدوں کی پوری سو مع سند و حوالہ مذکور ہیں جن میں یہ قاہر رد بھی ہے، نقل کر کے اپنا اور اپنے عینی بھائیوں کا دکھڑا رویا جواب ناممکن تھا مگر قسموں کی ڈھال بنائی کہ ہم خدا کو اور اُس کے فرشتوں کو گواہ کر کے کہتے ہیں کہ یہ ہم پر دیوبندیوں وہابیوں پر سراسر بہتان ہے جھوٹ ہے افترا ہے سبحن اللہ اُس رسالہ مبارکہ میں سو دلیلوں سے یہی تو ثابت فرمایا تھا کہ تم خدا کو جانتے ہی نہیں جو خدا ہے اُسے تم مانتے نہیں اور جسے مانتے ہو اللہ عزوجل اُس سے برتر و متعالی ہے پھر خدا جانے کس خدا کو گواہ کر کے یہ صریح جھوٹا حلف بک رہے ہو اللہ عزوجل پہلے ہی فرما چکا ہے یشھد اللہ علی ما فی قلبہ وھو الد الخصام۔ اللہ کو اپنے دل کی بات پر گواہ کرتا ہے۔ اور وہ سب جھگڑالوں سے بڑھ کر ڈھیٹ ہے اتخذوا ایمانھم جنۃ فصدوا عن سبیل اللہ فلھم عذاب مھین۔ اپنی قسموں کو ڈھال بنا کر اللہ کی راہ سے روکا اُن کے لیے خواری کا عذاب ہے۔ بات صاف تھی حوالے موجود تھے۔ اللہ بھلا کرے حامی سُنّت ماحی بدعت حاجی منشی محمد لعل خاں صاحب سلمہ کا اُنہوں نے مبارک رسالہ یک گز وسہ فاختہ ہمناک ملقب بلقب ایڈیٹر اے ایچ اور اُس کے حلفی پیچ پیچ در پیچ کے رد میں شائع فرمایا اور آنکھوں سے معذور ایڈیٹر کو آفتاب مشعلوں سے دکھایا سو کے سو قاہر رد وہابیہ دیوبندیہ کی عبارات بحوالہ صفحہ نقل فرما کر ثابت کر دیے اور ان کے سو مسٹر کے اسی پرچے سے اُن کے پندرہ کفر اور گنا دیے اور بتا دیا کہ تمہیں اللہ عزوجل کے اسمائے حسنیٰ پر ہرگز ایمان نہیں اور ساتھ ہی وہ جو مسٹر مدت سے تعریف اہلِ سُنّت میں جھولتے اور ہر ایک پر منہ آ کر پھولتے تھے اُس کا خاتمہ کر دیا اسلام کی تعریف ان سے پوچھی کہ اسلام کے مدعی ہو پہلے یہ تو بتاؤ اسلام کسے کہتے ہیں اُس کی ایسی تعریف دکھاؤ جس پر ویسے اعتراض نہ ہو سکیں جو تم تعریف اہلِ سُنّت پر بگھارتے ہو اور ساتھ ہی لکھ دیا کہ ہم کہے دیتے ہیں نہ دکھا سکو گے پھر کس منہ سے مسلمانی کے مدعی ہو نیز ثابت (بقیہ اگلے صفحے پر)

کے لیے تو اضع کا حکم دیا ہے۔ اگر ان کی عزت اللہ ہی کی عزت نہ ہوتی تو ان کے لیے
تواضع حرام ہوتی قال اللّٰہ تعالیٰ "فان العزة لله جميعا" ساری عزت اللہ
کے لیے ہے اور فرماتا ہے "ولله العزة ولرسوله وللمؤمنين" عزت تو اللہ اور

کردیا کہ تمہارے انہیں اعتراضوں سے اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے اسلام وایمان کی جو
تعریفیں فرمائیں سب غلط ٹھہرتی ہیں نیز اسی پر ایک قاہر سوال کیا کہ دیکھو اللہ ورسول جل وعلا صلی اللہ تعالیٰ علیہ
وسلم نے رسولوں کو ماننا رکن ایمان بتایا اور تمہارا امام تقویۃ الایمان میں کہتا ہے اللہ کے سوا کسی کو نہ مان اوروں کو
ماننا محض خبط ہے اب فرمایئے اللہ ورسول نے محض خبط کو رکن ایمان بتایا یا اسمٰعیل دہلوی رکن ایمان کو محض خبط کہہ کر
کافر ہوا اور جب وہ کافر تو اُس کے متبع، اُس کے معتقد تم اور دیوبندی سب کافر ہوئے یا نہیں بینوا توجروا
بینوا توجروا بینوا توجروا غرض وہ مختصر مبارک رسالہ قابل دید ہے کلکتہ زکریا اسٹریٹ نمبر ۲۲ حاجی صاحب
موصوف سے مل سکتا ہے۔ مسٹر کا پرچہ ۱۵ شعبان کا تھا اور یہ مبارک جواب ۲۷ شعبان کو مسٹر کی منچلی چلبلی طبیعت نے
بہ ہزار مصیبت دو مہینے تو جھیلے چپ رہی سوچتی ہوگی کہ نہ راہ رفتن نہ روئے ماندن جواب دے تو کیا دے روشن
آفتاب کو ٹکرانے کی بڑی آڑ جھوٹا حلف تھا اس یک گزدسہ فاختہ نے اُس کی ڈھال بھی چھلنی کردی نہ دے تو
ڈھٹائی بے حیائی کا دھرم بھرشٹ ہوتا ہے آخر تیسرے مہینے یہی سوجھی کہ کچھ نہ پوچھ بک دو رسول کو ماننا تو محض خبط
ٹھہر ہی چکا ہے۔ اور اللہ بھی خیال ہی خیال ہے جو چوریاں کرے، شرابیں پیئے۔ ایسے کا کیا خوف تو جو کچھ ہے ان
هي الا حياتنا الدنيا نموت ونحي وما نحن بمبعوثين بس یہی دنیا کی زندگی ہے اسی میں مرنا جینا اُٹھنا
نہ ہوگا تو دنیا میں سکوت کی روسیاہی کیوں لیں لہٰذا ۱۴ ذی القعدہ کو اس مبارک رسالے پر دیز کی حیا ہوتی تو اب
کوئی جواب دیا جاتا کچھ اپنی اور اپنے سارے طائفہ کی گمراہی بنائی جاتی مگر ناممکن واقع کیونکر ہو جائے اور
جھوٹے حلف کی ڈھال پہلے پاش پاش ہو چکی ہے لہٰذا اب کی اپنا اور دیوبندیوں سب کا کافر دہریہ ہونا صاف
کھلے لفظوں میں قبول دیا اور جنہوں نے رسالہ مبارکہ یک گزدسہ فاختہ یا وہ ارشاد جلیل باب العقائد والکلام نہ
دیکھا ہو اُن پر دن دہاڑے اندھیری ڈالنے کو یہ چال چلی کہ ہم تو ایسا ماننے والوں کو کافر دہریہ کہہ رہے ہیں بھلا ہم
ایسا مانتے۔ حالانکہ ہر دیکھنے والا دیکھ رہا ہے کہ یقیناً تمہیں ایسا مانتے ہو اور یقیناً تمہیں وہ ہو جسے خود کافر دہریہ کہہ
رہے ہو یہ چال بھی تھانوی صاحب سے سیکھی اُنہوں نے سالہا سال قاہر ضربوں کے صدمے جھیل کر بسط البنان
میں یہی ڈھرا پکڑا کہ کھلے لفظوں میں اپنا کافر ہونا قبول دیا بلکہ جتنا حکم علمائے کرام حرمین شریفین نے اُن پر لگایا تھا
اُس پر بھی اضافہ کیا جس کا بیان اُن کے اقوال میں آتا ہے۔ پھر بھی اُنہوں نے اپنی بگڑی بنانے کو دم توڑنے کی
کچھ حرکت مذبوحی تو کی جس پر ۱۲۲ قاہر ضربیں وقعات السنان اور ۲۹۲ سرشکن رد ادخال السنان میں ہوئے مسٹر ای
اے ایچ بیچارے کچھ نہ بول سکے صرف اپنے کفر و دہریت کے اقرار و اعلان پر قناعت کی اس مضمون میں اہلِ
حدیث کے تقریباً سات کالم سیاہ کیے ہیں۔ ڈھائی کالم میں تو رسالہ مبارکہ کا کلام نقل کیا ہے باقی سارا رونا لٹریچر کا
رویا ہے کہ طرز تحریر خراب ہے اور اس رونے میں بھی اپنے معدوم ایمان کو پھر رو بیٹھے فرمائے ہیں واللہ ہمیں آپ
کے اختلاف عقائد کی اتنی شکایت نہیں نہ کفری اعتقادات سے اتنی نفرت جتنی آپ کے لٹریچر (طرز تحریر سے)

مسلمانو! طرز تحریر کی شکایت یہی تو ہے کہ ان کے نزدیک ان کو سخت سست الفاظ کہے اب مسٹر ایڈیٹر اسلامی عقائد کو
کفری اعتقادات کہہ کر حلف سے کہتے ہیں کہ اُن کو کفر سے اتنی نفرت نہیں جتنی درشت کلامی سے۔ مسلمانو! کیا یہ
مسلمان کی شان ہے کہ اُسے کفر سے نفرت کم ہو مسلمانو! کفر کیا ہے اللہ ورسول جل وعلا وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی
معاذ اللہ تکذیب۔ کیا یہ مسلمان کی شان ہے کہ اللہ ورسول کو جھوٹا کہنا اپنے برا کہنے سے ہلکا جانے خیر یہ تو ان کی
اندرونی حالت ہے جو خود کھول دی کہ کفر سے نفرت کم ہے (کم نفی مطلق پر بھی بولتے ہیں) دل میں اللہ ورسول
سے زیادہ اپنی قدر ہے (کبھی نفی محض پر بھی موجود کو تفضیل دیتے ہیں اہلِ جنت کو خیر مستقر فرمایا حالانکہ

صاف کہہ چکا کہ ان کو اللہ نے کچھ قدرت نہ دی، نہ فائدہ پہنچانے کی نہ نقصان کر دینے کی۔ تفویت الایمان صفحہ ۷۔ تو صراحۃً عطائی کا منکر ہی اور یہ کھلا کفر ہے۔

۳۸ جن کا چاہا خدا کا چاہا ان کا چاہا مٹاتے یہ ہیں

تکمیل ۲۴: امام الوہابیہ نے تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے چاہنے کو یوں معطل محض کیا۔ اب احادیث سنیے صحیحین میں ہے ام المؤمنین صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا حضور سے عرض کرتی ہیں ما اری ربک الا یسارع فی ھواک میں حضور کے رب کو حضور کی خواہش میں جلدی ہی کرتا دیکھتی ہوں۔ یعنی جو حضور چاہتے ہیں جلد وہی کر دیتا ہے۔ اقول ابن عدی انس رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی ابوطالب نے سرکار میں عرض کی ان ربک لیطیعک بے شک حضور کا رب حضور کی اطاعت کرتا ہے۔ فرمایا وانت یا عماہ لو اطعتہ لیطیعک اے چچا اگر تم اس کی اطاعت کرو تو وہ تمہارا چاہا نہ ڈالے۔ حاکم مستدرک میں عبادہ بن صامت رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی جب حضور روزِ قیامت سجدۂ شفاعت کریں گے۔ ارشاد ہوگا یا محمد ارفع رأسک وقل تطاع اے محمد اپنا سر اٹھاؤ اور جو کہنا ہو کہو تمہاری اطاعت کی جائے گی۔ بہجۃ الاسرار شریف میں حضور سیدنا غوث اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے ہے ربّ عزوجل نے حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے فرمایا لا یکون فی الآخرۃ الا ما ترید آخرت میں وہی ہوگا جو تم چاہو۔ امام قسطلانی کا ارشاد شرح نعت مبارک میں گزرا کہ عالم میں کوئی حکم نافذ نہیں ہوتا مگر حضور کے دربار سے اور کوئی نعمت کسی کو نہیں ملتی مگر حضور کی سرکار سے۔ حضور جو چاہیں اس کا خلاف نہیں ہوتا۔ نہ تمام عالم میں کوئی ان کے چاہے کو پھیرنے والا۔ شرح شفاء امام قاضی عیاض سے گزرا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم تمام عالم میں تنہا حاکم ہیں اور جہاں بھر میں کسی کے محکوم نہیں۔ یہ ہیں مسلمانوں کے اعتقاد۔

۳۹ کیا ہر بار نبی و ولی سے شیطان بھوت ملاتے یہ ہیں

اس کے رسول اور ایمان والوں ہی کے لیے ہے۔ اگر ان کی عزت عزتِ الٰہی سے
جدا ہوتی تو عزت کے حصے ہو جاتے۔ ساری عزت اللہ کے لیے نہ ہوتی تو اس نے اللہ
ہی کی شان کو چمار سے بدتر اور ذرّہ ناچیز سے کمتر کہا۔ اقول، ساری علت وہی فرق

مستقر جہنم میں اصلاً خیر نہیں) یعنی نہ کفر سے صاحب ایڈیٹر کو اصلاً نفرت نہ دل میں اللہ و رسول کی اصلاً قدر و
منزلت یہ ضرور سچ ہے۔ رہی شکایت طرز تحریر وہ ابھی ابھی بہت سہل دفع ہوتی ہے اولاً مسٹر کے جواب کو ذکر
کریں وہی اس شکایت کو دفع کر دے گا غرض یہ تمام کالم مسٹر نے ان مہملات میں سیاہ کیے کہ کسی طرح ٹکا دے کر
خریدار اخبار یہ جانیں تو کہ مسٹر شیر پنجاب نری نرا شیر قالین نہیں جواب کے نام صرف یہ تختی کے حرف ہیں کہ بس
اس پر ہمارا آپ کا فیصلہ ہے کہ آپ ہماری کسی معتبر کتاب سے یہ حوالہ دکھا دیں۔ بس سارے جواب کی تہ کی اتنی ہی
ہے جس کا حاصل وہی کانوں پر ہاتھ دھرنا جیسی اوپر سے ہوتی آئی ہے قال اللہ تعالیٰ یحلفون باللہ ما قالوا
ولقد قالوا کلمۃ الکفر و کفروا بعد اسلامھم حلف اٹھاتے ہیں کہ انہوں نے نہ کہا اور بیشک کفر
کا بول کہا اور مسلمان کہلا کر کافر ہو لیے۔ نہیں نہیں مجھی کو سہو ہوا جواب کی ایک سطر یہ ہے ایک اور ہے وہ اس سے
بھی مزے کی ہے مسٹر نے اس کے متصل رسالہ مبارکہ کا ایک اور اعتراض نقل کیا کہ "وہابی ایسے کو خدا مانتے ہیں جو
لواطت جیسی خبیث بے حیائی کا مرتکب ہوتا حتی کہ مخنث کی طرح خود مفعول بنتا کوئی خباثت کوئی فضیحت اس کی
شان کے خلاف نہیں وہ کھانے کا منہ اور بھرنے کا پیٹ اور مردی و زنی کی دونوں علامتیں بالفعل رکھتا ہے۔" مسٹر
نے اس کا نام مکرر حوالہ رکھا اور جواب میں فرمایا ہم اعلان کرتے ہیں کہ اللہ جل شانہ و عم نوالہ کی نسبت ایسا بد عقیدہ
رکھنے والا کافر بلکہ دہریہ ہے۔ ساتوں کالم میں صرف یہ دو سطریں جواب کی ہیں اور بس جواب ہو گیا یعنی عقل و
حیا و ایمان و دین سب کو۔ اب ہمیں یہاں مسٹر سے چند ضروری سوال ہیں سوال اول بہت ادب سے گزارش کہ
آپ کے امام الطائفہ اسمٰعیل دہلوی صاحب کی یک روزی اور آپ کے ہم نوا دیوبندیوں کے سرغنہ مولوی محمود
حسن دیوبندی صاحب کی تحریر نظام الملک (جن کو آپ اس پرچے میں بھی "حامیانِ سنت و ناصرانِ ملت ماحیانِ
بدعت" لکھ رہے ہیں) کیا آپ کے یہاں کی معتبر کتابیں نہیں۔ سارے وہابیہ تو کیا آپ کے ہم زبان ہوں گے
آپ ہی اپنی تحریر پر قائم رہ کر ابوالوفا بنے ہو اپنی اسی وفا کا جی رکھ کر لکھ تو جائیے کہ ہاں ہاں اسمٰعیل دہلوی و اہل
دیوبند کافر دہریے ہیں کیا آپ ابھی ابھی اعلان نہ کر چکے پھرنا ارتداد ہے۔ سوال دوم مسلمانو! اس صریح خیانت
اور دن دہاڑے تحریف کو دیکھیے رسالہ یک رزوسہ فاتحہ صفحہ ۵ اور اس کی اصل مبارک صفحہ ۲۵ کے مطبوعہ موجود ہیں
ان میں یوں تھا لواطت کا مرتکب ہونا خود مفعول بنتا کوئی خباثت اس کی شان کے خلاف نہیں یعنی وہابی دھرم میں
یہ ناپاکیاں اس پر ممکن ہیں اس کا یہ بنا لیا لواطت کا مرتکب ہوتا خود مفعول بنتا یعنی یہ واقع ہوتی ہیں تاکہ ناواقف کو
چھل چھیں کہ دیکھو ان کا وقوع ماننا ہماری کسی معتبر کتاب میں نہیں۔ کیوں مسٹر کیا یہ ابوالوفائی کیوں مسٹر یہ دیدے کی
صفائی۔ سوال سوم شاید جاہلوں کو یوں دھوکے دیں کہ ان وہابی کتابوں میں وہ مذہب کہا جس سے یہ سب
ناپاکیاں یقیناً ثابت ہیں مگر خاص لواطت مفعولیت ان الفاظ سے تو اقرار نہیں۔ کیا ہر عاقل نہیں جانتا کہ یہ کید
ضعیف میں سے ہے جب وہابی کتابوں میں اس ملعون مذہب کی صریح تصریح ہے جس سے یہ سب یقیناً ثابت تو
مان کر مکرنا کھلی ڈھٹائی نکی بے حیائی ہے یا نہیں انہیں لفظوں کو آپ لٹریچر کا نقص کہتے ہیں سبحٰن اللہ اللہ و رسول
کو برا کہیے اس پر مسلمان بپچا لیں تو ڈھیٹ بنیے پھر کوئی ڈھٹائی کا نام نہ لے ورنہ سڑیل لٹریچر ہے۔ سوال چہارم
بہت اچھا ڈھٹائی نہیں آپ کے یہاں یہی ابوالوفائی ہے اپنی اسی وفا کا صدقہ یہ تو بتا دیجیے کہ اگر زید کسی کو
ولد الحرام لکھے تو کیا نہ کہا جائے گا کہ اس نے اس کی ماں کو زانیہ کہا اس پر وہ روئے پیٹے ہائے وائے مچائے کہ
مجھ پر جھوٹ بہتان افترا ہے میری کسی معتبر کتاب میں یہ لفظ دکھا تو دو کہ اس کی ماں زانیہ ہے میں نے تو یہ کہا کہ
وہ ولد الحرام ہے تو کیا وہ عیار مکار خبیث کذاب فریبی دغا باز نہ ہوگا۔ (بقیہ اگلے صفحے پر)

ڈالنا ہے کہ اس نے انبیا و اولیا کو خدا کے مقابل ایک مستقل ہستی سمجھا ہے۔ وہاں کہا
اللہ کی شان کے آگے یہاں کہا اس کے روبرو، آگے اور روبرو مقابل ہی کو کہتے ہیں۔
گنگوہی صاحب نے اسی ملعون قول کا چاک سلانے کو اپنے فتاویٰ حصہ اوّل صفحہ ۸۷

سوال پنجم جگ بیتی سے کیا کام آپ اپنی بیتی لیجیے آپ نے اپنے ترک اسلام صفحہ ۴۴ پر دیانند کی عبارت نقل کی
کیا پرمیشور رحم میں نہ تھا اور اُس پر اعتراض جمایا کہ ایشور حیض کا خون تو نہ کھاتا ہوگا میں بھولا پاخانے سے تو ضرور
آلودہ ہوتا ہوگا (چیرز) یہ ہے مسٹری لٹریچر۔ خیر اس سے کیا غرض یہ دیکھیے کہ پاخانے سے آلودہ ہونا حیض کا خون
کھانا آپ کے سوامی کی عبارت میں کہاں تھا پھر آپ نے کیونکر افترائی بہتانی جھوٹ اعتراض جما کر سُنّت
نصاریٰ کی تقلید سے تالیاں پٹیں۔ نہیں نہیں اعتراض بیشک ٹھیک ہے اور جیسا وہ آپ کے سوامی پر ٹھیک ہے یہ
آپ پر ٹھیک اُترا یا نہیں۔ سوال ششم جانے دو وہ بات جس پر یہاں آپ سارا نچوڑ رکھ رہے ہیں یعنی آپ کے
معبود کا چوری کر سکنا آپ کے حامی سُنّت، ناصر ملت، ماحی بدعت نے نظام الملک میں اس کے تو خاص لفظ کی
تصریح کی ہے کہ جہل ظلم چوری شراب خوری سے معارضہ کم فہمی۔ یہ کلیہ ہے کہ جو مقدور العبد ہے مقدور اللہ ہے
پھر جیتی نگلنا کس کا کام ہے؟ سوال ہفتم یہ بھی جانے دیجیے کتنے بھول گئے پھر سرے سے گن لیجیے دھرم دھرم
سے بول چلیے (۱) آپ کے دھرم میں آپ کا معبود ہاں ہاں وہی جسے آپ اپنے خیال میں اللہ جل شانہ و عم نوالہ لکھ
رہے ہیں چوری کر سکتا ہے یا نہیں کہو۔ ہاں ضرور کر سکتا ہے ورنہ انسان سے قدرت میں گھٹ رہے گا (وہ دیکھو
اپنے امام الطائف کی یکروزی صفحہ ۱۴۵) ورنہ ہر مقدور العبد مقدور اللہ نہ رہے گا (وہ دیکھو اپنے حامی سُنّت ناصر
ملت کی تحریر نظام الملک) ورنہ آپ کے نزدیک علی کل شیء قدیر۔ نہ رہے گا (وہ دیکھو سب کذابیوں کی کج
فہمی) (۲) جب وہ چوری کر سکتا ہے تو اپنی ملک چرائے گا یا پرائی۔ کہو کہو کہ پرائی۔ اپنی ملک لینا چوری نہیں
ہو سکتا۔ (۳) جب وہ پرائی ملک چرائے گا تو اُس کے سوا اور بھی مالک مستقل ہوئے یا نہیں۔ کہو ہوئے اور بیشک
ہوئے۔ (۴) کیا بندہ خدا کے مقابل کسی چیز کا مالک مستقل ہو سکتا ہے کہ وہ شئے خاص اس کی ملک ہو خدا کی نہ
ہو۔ کہو کہو ہرگز نہیں۔ (۵) جب بندہ خدا کے مقابل مالک مستقل نہیں ہو سکتا اور تمہارے معبود کے سوا ضرور اور
بھی مالک مستقل ہے جس کا نمبر ۳ میں اقرار کر چکے ہو۔ کہو کہو جلد کہو کہ ہاں مانا اور ضرور مانا۔ (۶) بندہ کروروں کی
چوری کر سکتا ہے خدا ایک ہی کی کر سکے زیادہ پر قادر نہ ہو تو یکروزی و پرچہ نظام الملک اور تم سب اصحاب عقیدۂ
کذب کے نزدیک بندے سے کروروں درجے قدرت میں گرا ہوا رہے گا یا نہیں کہو ضرور رہے گا اور یہ جائز
نہیں۔ (۷) جب یہ جائز نہیں تو تم پر کروروں خدا ماننا واجب ہوا یا نہیں۔ کہو کہو اور جلد کہو کہ بیشک بیشک اور یقیناً
یہی وہابی و دیوبندی دھرم ہے کہ خداؤں کی گنتی کروروں سے بھی سوا ہے۔ کہیے پھر جھوٹ بہتان افترا کا رونا
مکاری کا رونا تھا یا نہیں؟ اُف اُف تف تف۔ سوال ہشتم اب فرمایئے آپ خود اپنے افترا ہاں ہاں اسی
پرچے سے اپنے جلی لکھے ہوئے اعلان سے کافر دہریے ہوئے یا نہیں۔ کہو کہو اور جلد کہو کہ ہوئے ہوئے بے شک
ہوئے اور ہیں پھر کس لٹریچر کی کیا شکایت کافر دہریہ کہنے سے زیادہ سخت اور کیا ہے جس کا گلہ ہے۔ کافر دہریہ شرعاً
سخت لفظ کا مستحق ہے یا تعظیم تکریم کا۔ اور اگر پھر پلٹا کھاؤ کہ نہیں نہیں ہم ایسے نہیں تو یہی عرض ہے ان ثبوتوں اور
خود اپنے اقرار و اعلان سے عہدہ برآ ہو جایئے۔ اُس وقت ہم آپ کی مان لیں گے کہ ہمارا اس وجہ سے آپ کو کافر
کہنا غلط تھا ہم یہ لفظ فوراً واپس لیں گے مگر لٹریچر کی شکایت اب بھی بے معنی ہوگی شرعاً فقط کافر ہی سخت لفظ کا مستحق
نہیں بلکہ ہر گمراہ بد دین اپنی گمراہیاں ضلالتیں جن کا مختصر بیان چابک لیث و پیکان جاں گداز و باب العقائد
والکلام و یک گنہ و دو فاختہ و یک گز و سہ فاختہ وغیرہا رسائل میں ہے سب سے نکل کر اپنے آپ کو سُنّی مسلمان بنا
لیجیے اُس وقت ہم اپنے سب الفاظ واپس لیں گے اور آپ کی بڑی مدح شائع کریں گے کیوں یہ صلاح مانیے گا یا
نہیں۔ سوال نہم مسٹر آپ نے تو پرچہ ۵ شعبان ۱۹ مئی میں یہ حلف اُٹھایا اور خدا کو گواہ کر کے کہا تھا کہ یہ سراسر

میں اس لفظ کی تصریح کی کہ فخر عالم حق تعالیٰ کے مقابلہ میں یہ ان شرک پرستوں کا کھلا شرک ہے۔ انہوں نے دو مستقل عزتیں رکھیں ایک اللہ کی دوسری انبیا اولیا کی اور ان کا باہم یوں موازنہ کیا کہ اس کے مقابل یہ چمار اور ذرہ سے بھی بدتر ہے حالانکہ یہ اُسی کے ظل ہیں، اُسی کی عزت ان میں تجلی فرما ہے پھر ناپ تول کیسی۔ اگر بلاتشبیہ آئینے میں بادشاہ کے عکس کی اُس کے مقابل تذلیل کیجیے کہ یہ تو اُس کے سامنے نہایت ہی ذلیل وناپاک سؤر سے بھی بدتر ہے تو یہ بادشاہ ہی کی توہین ہوگی کہ اُس عکس میں بادشاہ ہی کی خوبی جلوہ گر ہے۔ اسی لیے انبیا واولیا سے مدد مانگنا شرک بتاتے ہیں کہ وہ ان کے نزدیک خدا سے جدا ہستی ہیں جیسے مشرکوں کے بت۔ حالانکہ

بہتان ہے جھوٹ ہے افترا ہے اب سو میں سے صرف ایک پر فیصلہ کیا کہ بس اس پر ہمارا آپ کا فیصلہ ہے کہ آپ ہماری کسی معتبر کتاب سے یہ حوالہ دکھا دیں اور دیکھیے رسالہ یک گز وسہ فاختہ میں صاف متنبہ کر دیا تھا کہ بفرض باطل اگر ان پوری سو ضربوں میں بعض خالی بھی جائیں (حالانکہ وہ یقیناً سب جگر دوز وعدو سوز ہیں) جب بھی مسٹر اپنے منہ خدا کے منکر خدا سے کافر ہیں کہ وہ سراسر جھوٹ بہتان افترا کہہ چکے ہیں تو اگر اُن کو خدا پر ایمان کا ادعا ہے تو ہر ضرب کی نسبت جھوٹ بہتان افترا ہونے کا ثبوت دیں ورنہ اپنی ہی پڑھی آیت اپنے اوپر خود بھی الٹ لیں جس کا آپ ہی ترجمہ کیا ہے کہ افترا اور بہتان وہی کرتے ہیں جن کو خدا پر ایمان نہیں ہوتا طرّہ یہ کہ اپنے اسی پرچہ ۴ ر ذی القعدہ میں یک گز کی یہ عبارت بلف چرائی کے لیے نقل بھی کی ہے۔ یہ پھر بس ایک پر فیصلہ (ڈھٹائی بے حیائی پر آپ لٹریچر روئیں گے) کمال ابوالوفائی ہے یا نہیں ع وفا کے باپ بنے ہو وفا کا دھیان رہے۔ سوال دہم اُن سو ضربوں کا تو یہ جواب ہوا کہ اپنے منہ اپنے آپ اور اپنے حامیان سُنّت دیوبندیہ اور سارے کے سارے وہابیہ کو کافر دہریہ قبول دیا پھر (۱) وہ جو یک گز وسہ فاختہ نے ۱۵ کفر آپ ہی کی تحریر سے آپ پر بڑھائے۔ (۲) وہ جو آپ کو تعریف اسلام سے عاجز بتایا وہ جو ثابت کر دیا کہ کس منہ سے ادعائے مسلمانی تم ابھی اسلام کو جانتے ہی نہیں۔ (۳) وہ جو ثابت کیا کہ مولوی امام الدین صاحب ساکن کوٹلی سلمہ کی تعریف اہل سُنّت پر آپ کا اعتراض بعینہ اُس تعریف اسلام پر ہے جو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے کی۔ (۴) نیز اُس تعریف ایمان پر جو حضور اقدس نے ارشاد فرمائی۔ (۵) بلکہ خود اللہ عزوجل پر جو اُس نے مؤمن کی تعریف کی۔ (۶) وہ جو قاہر سوال تھا کہ اللہ ورسول نے محض خبط کو رکن ایمان کیا یا اسمٰعیل اور سارے وہابی دیوبندی اور تم سب کافر۔ (۷) وہ جو دکھایا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کو کفار جتنا جانتے تھے کہ ہمیں جیسے آدمی ہیں انہیں کے مقلد تم ہوئے۔ (۸) وہ جو طوطے کا لتیا و ثابت کیا تھا کہ تم نے جناب تھانوی صاحب کو کافر مشرک کہہ دیا اس جرم پر کہ انہوں نے تمام عالم کو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کا بندہ مانا۔ وغیرہ وغیرہ ان تمام قاہر تیا نچوں کو مسٹری ہوشیاری اس پرچہ میں یوں چھپاتی ہے کہ رسالہ مذکورہ میں اور بھی بہت گھنونی باتیں ہیں جن کو نقل کرکے ہم اپنے ناظرین کو ملول کرنا نہیں چاہتے اللہ رے اغماض۔ یہ صریح مکاری اور اپنے عجز وگریز کی نہایت شرمناک طریقے سے پردہ داری ہے یا نہیں غرض ع عیار ہو بیباک ہو جو آج ہو تم ہو۔ بندے ہو مگر خوف خدا کا نہیں رکھتے۔ مسلمانو دیکھا یہ ہے شیر قالین پنجاب کی شیری ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ سیدنا محمد والہ وصحبہ وابنہ وحزبہ اجمعین امین والحمد للہ رب العلمین ۱۲ (ع غفرلہ)

تکمیل ۱۴: **اقول** ظاہر ہے کہ سحر حرام ہے اور حرام وحلال افعال اختیاریہ ہیں، جو کام انسان کی قدرت ہی میں نہ ہو جیسے نبض کی حرکت وہ حرام نہیں ہو سکتا تو سحر پر ضرور ساحر کو قدرتِ عطائیہ ہے۔ جیسے کھانے پینے وغیرہ تمام افعال اختیاریہ پر لیکن امام الوہابیہ نبی کو معجزہ میں عاجز محض بتاتا ہے کہ جو خدا کی دی ہوئی قدرت مانے اسے بھی بے شک کافر مشرک کہتا ہے۔ یہ قرآن عظیم کی صریح تکذیب ہے اسے تو بعد کو ذکر کروں گا پہلے اس کفریہ دہلوی پر گنگوہی رجسٹری کو ذکر کروں یہاں گنگوہی صاحب کے سائل نے شرح مواقف کی عبارت بھی نقل کی تھی جس میں تصریح ہے کہ معجزہ کا قدرت نبی سے ہونا ہی اصح ہے بلکہ بعض جو غیر مقدور کہتے ہیں خود اس قدرت نبی کو معجزہ کہتے ہیں۔ یہ قدرت ضرور نبی کی قدرت سے نہیں بلکہ بعطائے الٰہی ہے تو فعل خارق عادت بالاتفاق قدرتِ نبی سے ہوا یعنی اہلِ سُنّت کے دونوں فریق یا کم از کم اصح قول والے اسمٰعیل کے نزدیک بے شک کافر مشرک ہیں۔ سائل نے اسی کے مثل شرح مقاصد کی عبارت بتائی اسمٰعیل کو کتب عقائد سے جو یہ خلاف ہے اس کی نسبت سوال تھا۔ اب اولاً گنگوہی صاحب اسمٰعیل کا دامن کیا چھوڑیں اہلِ سُنّت لاکھ کافر ٹھہریں فرماتے ہیں مولوی اسمٰعیل کا کہنا حق ہے حاشا یقیناً باطل ہے اہلِ حق کے نزدیک جیسے بعض معجزے محض فعل الٰہی سے ہیں بکثرت نبی کے فعل نبی کی قدرت عطائیہ سے ہیں۔

عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام نے فرمایا ابرئ الاکمہ والابرص مادرزاد اندھے اور برص والے کو میں اچھا کر دیتا ہوں اور فرمایا واحی الموتیٰ باذن اللہ میں مُردے جلا دیتا ہوں اللہ کے حکم سے اور فرمایا "وانبئکم بما تاکلون وما تدخرون فی بیوتکم "میں تمہیں بتاتا ہوں جو کچھ تم کھاتے اور جو کچھ گھروں میں ذخیرہ رکھتے ہو، دیکھو یہ مسیح کے افعال ہیں علیہ الصلوٰۃ والسلام تم ان سب آیتوں کے منکر ہو اور تمہارے نزدیک یہ چار شرک مسیح وقرآن دونوں کے ہیں۔

والثنا ضرور شفیع ہیں اور ضرور بارگاہِ الٰہی میں ان کے لیے عظیم وجاہت ہے اور ضرور اُن کی وجاہت کے سبب اُن کی سفارش قبول ہے جو وہاں وجاہت نہیں رکھتا اُس کا کیا مونھ کہ کسی کی سفارش کر سکے۔ اُن کی وجاہت کا انکار کفر اور اُس کے سبب اُن کی شفاعت کا قبول نہ ماننا ضلال، باقی دھوکا دینے کو جو وجاہت کے معنی میں دباؤ کی پخّر لگائی کہ امیر سے دب کر سفارش مان لیتا ہے یہ محض عیاری ہے۔ وجاہت کے معنی میں لغۃً عرفاً شرعاً کہیں اس کا پتا نہیں۔ اقول خود صدیق حسن بھوپالی نے تفویت الایمان کے خلاصہ مسمی بہ انفکاک میں وہ دباؤ کی قید نہ رکھی اور صفحہ ۲۰ پر صاف کہا شفاعت وجاہت جس طرح کوئی بادشاہ کسی امیر کی آبرو کے سبب سے اس کی سفارش قبول کر لیتا ہے۔ یہ شفاعت اللہ پاک کی جناب میں ہر گز نہیں ہو سکتی جو کوئی کسی نبی کو اس طرح کا شفیع سمجھے وہ اصلی مشرک ہے۔ اللہ عز وجل عیسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو فرماتا ہے، وجیھاً فی الدنیا والاخرۃ ' دنیا وآخرت دونوں میں وجاہت والا موسیٰ علیہ الصلاۃ والسلام کو فرماتا ہے وکان عند اللہ وجیھا۔ اللہ کے یہاں وجاہت والا ہے۔ بیضاوی وارشاد العقل ورغائب الفرقان ومدارک التنزیل وغیرہا میں ہے۔ الوجاھۃ فی الدنیا النبوۃ و فی الآخرۃ الشفاعۃ دنیا میں وجاہت یہ کہ نبی ہیں آخرت میں یہ کہ شفاعت کریں گے مگر امام الوہابیہ تو ان کو ناکارے لوگ، چوہڑے چمار، چمار سے بھی ذلیل، ذرۂ ناچیز سے کم تر کہتا ہے یہ ان کے لیے وجاہت کیونکر مانے۔

۳۰ شعر مذکور

تکمیل ۱۶: مسلمانوں کے ایمان میں انبیا وحضور سید الانبیا علیہ وعلیہم افضل الصلاۃ والثنا ضرور محبوب ہیں ان کے غلام تک محبوب ہیں قل ان کنتم تحبون اللہ فاتبعونی یحببکم اللہ ' اے محبوب تم فرمادو کہ اگر خدا سے محبت رکھتے ہو تو میرے غلام ہو جاؤ اللہ کے محبوب ہو جاؤ گے اور ضرور ان کی محبوبیت کے سبب ان کی

تک کے کام نہ آئیں گے تو دوسرے کا کیا منھ ہے کہ ان سے کچھ امید رکھے واقعی جب ناکارے لوگ کہہ دیا پھر کام آنا کیا معنی۔

اقول: اور یہ اس کا اللہ ورسول پر افترا ہے کہ حضور نے فرمایا میں آپ کو ڈرتا ہوں دوسرے کو کیا بچاسکوں اور اللہ نے اس فرمانے کا حضور کو حکم دیا ہرگز نہ آیت میں ہے نہ حضور نے فرمایا۔ وہ عظیم الشان حدیثیں ہر مسلمان کے گوش زد ہیں کہ سب انبیا نفسی نفسی فرمائیں گے اور حضور انا لھا میں ہوں شفاعت کے لیے صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

اقول: اور آیت میں خیانت کی اس کے متصل جو استثنا فرمایا الا بلٰغاً من اللّٰہ و رسٰلتہ اسے ہضم کرلیا۔

کار جہاں میں بتاتے یہ ہیں	سب کے برابر عاجز و ناداں ۴۴

تکمیل ۲۰: اس ضلالت کے رد کتاب الامن والعلیٰ و کتاب سلطنۃ المصطفیٰ میں دیکھیے جن میں روشن ثبوت ہیں کہ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم اللہ عزوجل کے نائب مطلق ہیں زمین و آسمان اور دونوں جہان میں حضور کا تصرف جاری ہے ہر نعمت حضور ہی کے ہاتھ سے ملتی ہے اور جو کچھ شرح نعت شریف میں ابھی گذرا مسلمان کے سمجھ لینے کو بس ہے کہ حضور اقدس انور خلیفہ اعظم رب اکبر جل جلالہ وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے عظیم و وسیع اختیارات کی نسبت ائمہ دین کا کیا ایمان اور گستاخ بددین کا کیا بہتان۔ لیکن جو مصطفیٰ کو نہ مانے ان کا ماننا محض خبط اور ہر حرام سے بدتر جانے وہ ائمہ کو کیا مانے، اچھا قرآن کا تو نام لیتے ہیں سردست اسی کی تین آیتیں سنیے۔

آیت ۱: أغنٰھم اللّٰہ و رسولہ من فضلہ، ان کو غنی کردیا اللہ اور اللہ کے رسول نے اپنے فضل سے۔

آیت ۲: ولو انھم رضوا ما اٰتٰھم اللّٰہ رسولہ وقالوا حسبنا اللّٰہ سیؤتینا اللّٰہ من فضلہ و رسولہ۔ کیا اچھا ہوتا اگر وہ راضی ہوتے اس پر جو انھیں اللہ اور اللہ کے رسول نے عطا بخشی اور کہتے ہمیں اللہ کافی ہے اب ہمیں دیتے ہیں اللہ و

۳۶ نائب اکبر قادرِ کل کو پتھر کا ٹھہراتے یہ ہیں

تکمیل ۲۲: اقول اللہ عزوجل آدم علیہ الصلاۃ والسلام کے لیے فرشتوں سے فرماتا ہے انی جاعل فی الارض خلیفۃ بےشک میں زمین میں نائب مقرر کرنے والا ہوں اور فرماتا ہے یداؤد انا جعلنک خلیفۃ فی الارض اے داؤد بےشک ہم نے تمہیں زمین میں نائب مقرر کیا۔ ہر شخص جانتا ہے کہ قدرت والے کا نائب کام کریگا۔ اس کی طاقت اسے دی جائے گی جسے نہ کسی کام میں دخل نہ اس کی طاقت وہ پتھر ہوگا اور پتھر پتھر ہی کا نائب ہوسکتا ہے نہ کہ قادر کا۔ تو یہ صرف انبیا کی نہیں بلکہ ان کے رب کی توہین ہے۔

۳۷ پتھر سے بھی بدتر لاشے محض پہ ٹھیکا کھاتے یہ ہیں

تکمیل ۲۳: اقول اولا: امام الوہابیہ نے تمام اُمتِ مرحومہ کو مشرک ٹھہرایا۔ مسلمانو! تم میں کوئی ایسا ہے کہ اپنے پیارے نبی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے نفع کی اُمید نہ رکھتا ہو۔ ثانیاً شاہ ولی اللہ پکے مشرک ہوئے جن کے اقوال شرح نعت مبارک میں گزرے۔ ثالثاً اس نے تو یہ کہا لیکن قرآن کریم نے محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم سے لو لگی رکھنے کا حکم دیا کہ اب ہمیں اپنے کرم سے عطا فرماتے ہیں۔ آیت نمبر ۳۴ میں گزری اس کے نزدیک یہ قرآن عظیم کا شرک ہے۔ قرآن تو شرک سے پاک ہے۔ یہی مشرک ہے جس کا بیان نمبر ۶ میں ہوا۔ اس کا معلم نجدی خبیث تو یہی کہتا تھا کہ میری لکڑی محمد سے زیادہ فائدے کی ہے (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) جس سے یہ نکل سکتا کہ کچھ فائدہ ان سے بھی ہے۔ اگرچہ ایک لکڑی کے فائدے سے کم مگر اس نے اصلا لگی نہ رکھی۔ مطلقا ان سے نفع کی امید شرک کردی۔ کوئی دھوکا باز بےایمان یہاں یہ کہے گا کہ بالذات بےعطائے خدا نفع رسانی کی نفی مراد ہے۔ اقول مگر اللہ دغا بازوں کو راہ نہیں دیتا۔ اولاً اُمید کے لیے بےعطائے الٰہی نافع ہونے کی کیا ضرورت نیک محتاج جہاں سے تنخواہ پائے گا اس کی امید رکھے گا۔ ثانیاً وہ بددین تو